ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔

فون:۔ 02199212639

پریس ریلیز

کراچی 07 اکتوبر 2019ء:-

ترجمان سندھ پولیس نے سندھ پولیس کے ہیلی کاپٹر کے پیٹرول کے حوالے سے سوشل میڈیا پر وائرل ہونیوالی خبر کے تناظر میں کہا ہے کہ یہ خبر چار سال پرانی ہے اور پرانی خبر کو اپنے مذموم مقاصد کے تحت سوشل میڈیا پر وائرل کرنیوالے عناصر کیخلاف سندھ پولیس کے پاس قانونی کاروائی کا حق محفوظ ہے۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔

فون:۔ 021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 07 اکتوبر 2019ء:۔

روزنامہ ایکسپریس ٹریبون سے وابستہ سینئر صحافی ابوالحسنات کے انتقال پر آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شعبہ صحافت میں انکی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا ہے

۔

انہوں نے مرحوم کے لیئے دعائے مغفرت اور فاتحہ خوانی کرتے ہوئے دعا کی ہیکہ اللہ پاک انکے اہل خانہ کو صبر و استقامت کے ساتھ اس صدمے کو برداشت کرنیکی توفیق دے۔ آمین

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

ڈیفنس میں واقع سنیما میں فلم دال چاول کا پریمیئر شو۔

کراچی 07 اکتوبر 2019ء:۔

اے این کے کیجانب سے بنائی گئی ایکشن ڈرامہ اور سچے واقعات پر مشتمل فلم دال چاول کے ڈیفنس میں واقع سنیما میں پریمیئر شو کے موقع پر آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام سمیت پاکستان بھر سے آئے۔ پولیس افسران کے علاوہ فلم کی کاسٹ، ڈائریکٹر، پروڈیوسرز اور شوبز سے تعلق رکھنے والے دیگر فنکاروں نے شرکت کی۔ اس فلم کی کہانی میں ایک ایسے معاشرے کو دکھایا گیا ہے جہاں جرائم عام ہیں اور لوگوں کی زندگیاں خوف و ہراسمنٹ کا شکار ہیں۔ تاہم اس فلم کی کہانی کا اصل کردار شہدائے پولیس کی وہ قربانیاں ہیں جنہوں نے جرائم کیخلاف جنگ میں اپنی قیمتی جانوں کا نزرانہ دیکر امن وامان کو اسکی حقیقی حالت میں بحال کیا ہے۔

آئی جی سندھ نے پریمیئر شو کے دوران کہا کہ فلم میں پولیس کا کردار حقیقت سے قریب تر ہے اور پرمانس بھی اچھی ہے۔ اس فلم کے ذریعہ پاکستان پولیس کے افسران اور جوانوں سمیت مسلح افواج اور قانون نافذ کرنیوالے دیگر اداروں کی بے مثال قربانیوں کو منفرد انداز میں خراج عقیدت پیش کیا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاک فوج کے بعد سب سے زیادہ قربانیاں پولیس نے دیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس فلم میں اکبر ناصر نے مرکزی کردار ادا کیا ہے۔

ان کا کہنا تھا کہ پولیس کے افسران اور جوان اپنے گھروں سے عوام کے جان و مال کے تحفظ جیسے فرائض کی ادائیگی کو ایک فرض سمجھ کر نکلتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اس فلم سے پولیس کا امیج نا صرف مزید بہتر ہوگا بلکہ جرائم کیخلاف کارکردگی میں بھی نمایاں اضافہ ہوگا۔ آئی جی سندھ نے میڈیا کا پولیس کے ساتھ تعاون پر انکا بھرپور انداز سے شکریہ ادا کیا۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔